ہیں موجود ہے اور مولانا عبدالرحمن جامی کا شہر جام بھی ہے۔ جو شاہان غور کا کبھی دارالخلافہ ہوا کرتا تھا۔ اسی جام شہر میں دہلی کے قطب مینار کا نقش اول مینار جام شہاب الدین غوری کے برادر بزرگ غیاث الدین غوری کی یادگار ہے۔

(خان غازی کابلی کوچۂ رحمان دہلی۔)

کافرسازی اور کافر نمائی میں تلبیس یا جہل مرکب؟

ستمبر کا الحق ملا۔ افکار و تاثرات پڑھ کر معلوم ہوا کہ پاکستان سے باہر جاکر مولانا ضیاء القاسمی کو پاکستان میں کافرسازی ناپسند ہے۔ ان کا اشارہ یقیناً حالیہ کافرسازی یعنی احمدیہ جماعت کو نان مسلم قرار دینا کی طرف ہوگا۔ پاکستان میں اس بات کا سمجھنا ہے بھی کسی قدر مشکل، لیکن باہر جاکر یہ بات جلد ہی واضح ہونے لگتی ہے۔ کہ کسی کا کسی کو کافر کہنے کا کیا مطلب ہے۔ ہر وہ شخص جو اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے وہ مسلمان ہے۔ بیرونی ممالک میں اگر کوئی اپنے آپ کو مسلمان کہے اور آپ اس بات پر اصرار کریں کہ وہ مسلمان نہیں ہے۔ تو لوگوں کو ایسا کرنے والے کی ذہنی کیفیت پہ شک گزرنے لگتا ہے۔ (میں نے پچیس سال باہر گزارے ہیں۔) بہرحال اس خوشی کا میں پھر اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ ضیا القاسمی کو پاکستان سے باہر جاکر اس بات کا احساس ہوگیا کہ احمدی چاہے کچھ ہی ہوں انہیں کافرسازی کا نشانہ نہیں بنانا چاہیے ——— آپ گزشتہ دنوں چین گئے تھے۔ کوئی حالات الحق میں لکھئے گا نا۔ والسلام۔ (نسیم سیفی۔ ایڈیٹر تحریک جدید۔ ربوہ)

مکاتیب علامہ شمس الحق افغانی

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ کافی عرصے سے احباب کرام و مخصوص متعلقین کی خواہش رہی ہے۔ کہ میرے مکاتیب کا مجموعہ شائع ہو۔ ان کے اصرار اور افادۂ عام کے پیش نظر اسے جمع و ترتیب دینے کی اجازت دیتا ہوں۔ اور اپنے تمام احباب، تلامیذ و متعلقین کو اعلان ہذا کے ذریعہ مطلع کر رہا ہوں کہ میرے جملہ مکاتیب چاہے علمی ہوں تربیتی و روحانی ہوں یا سیاسی و معاشرتی ہوں ان سب کے فوٹوسٹیٹ فرزندم محمد داؤد جان افغانی ڈاکخانہ ترنگ زئی تحصیل چارسدہ ضلع پشاور کے نام رجسٹری کے ذریعے بھجوا کر ممنون فرمادیں۔ سب کیلئے فلاح و سعادۃ دارین کی دعا کرتا ہوں۔ (شمس الحق افغانی ترنگ زئی۔ چارسدہ)

امید و یاس

مایوسیوں کی تاریکی میں امید کے چراغ روشن کرنے والے شاعر سید امین گیلانی کے تازہ شعری مجموعہ امید و یاس کا مطالعہ فرمائیں ہر شعر جادو اثر ہر شعر ایک پیغام سادہ زبان گہرے معانی عمدہ کاغذ دیدہ زیب جلد قیمت /۳۰ روپے۔ ملنے کا پتہ۔ مکتبہ جامعہ فاروقیہ شرق پور روڈ شیخوپورہ شہر

مسلمانوں کی شدید دل آزاری

آج مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۸۰ بعد نماز عشاء ایک خصوصی اجلاس پاکستان سنی تنظیم سواد اعظم اہل سنت میر پور خاص زیر صدارت حضرت مولانا فیض اللہ صاحب منعقد ہوا جس میں علماء کرام اور کثیر تعداد نے شرکت کی اور مندرجہ ذیل قرارداد متفقہ طور پر منظور کی۔

۱۰ محرم الحرام کو جو شیعہ حضرات نے لاؤڈ اسپیکر استعمال کرتے ہوئے غیر قانونی اور اشتعال انگیز تقاریر